اسوقت ترکی افواج متعینۂ دریاے ڈینوب کی کمان اُسکے نامور جنرل عمر پاشا[1] کے ہاتھ مین تھی جسنے اب خلاف معمول کئی صدیون کے بعد میدان جنگ مین سبقت کی تھی اور ۲۳ صفر مطابق ۴ نومبر سنہ ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۳ع کو اپنی جدید فوج سے مقام اولٹی تنزا پر حملہ کرکے روسیون پر فتح حاصل کی - روسی پہلے تو بدحواس ہوے مگر پھر کچھ سنبھلکر اُنھون نے اپنے جہازی بیڑے کو حرکت دی اور یکایک ترکی بیڑہ پر جو بحر اسود مین موجود تھا گولے برسانا شروع کردیے - قبل اسکے کہ ترکی بیڑہ اپنے کو سنبھالے وہ روسی جہازونکے محاصرہ مین آگیا اور بعد سخت خونریزی کے ترکی بحری سپاہیونکو ہتھیار رکھدینے پڑے - اس خبر کے مشہور ہونے پر فرانس اور انگلستان مین جنگی اتحاد ہوا اور دونون سلطنتین اپنی اپنی بحری قوت سے ترکونکی امداد پر آمادہ ہوئین کیونکہ ہر دو سلطنتونکی اُسوقت یہی حکمت عملی تھی کہ روس کا ترکون پر فتحیاب ہوجانا دونونکے آیندہ ذہنی منصوبونکو برباد کردینے کا باعث ہوگا - چنانچہ ۲۰ جمادی الاولیٰ مطابق ۲۰ مارچ سنہ ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۴ع کو فرانس اور انگلستان کی طرف سے بھی روسیون کے خلاف اعلان جنگ ہوگیا اور دونون سلطنتون کے جنگی جہازون نے روسی بنادر پر حملہ کردیا - پہلے جزیرہ نماے کریمیا کے بندر یوپاٹوریا پر قبضہ کیا اور پھر مقام آلما کو فتح کرتے ہوے حملہ آورون کے جہاز سپاسٹپول پر پہونچ گئے - سپاسٹپول کے قلعہ کو روسیون نے بہت مستحکم کر رکھا تھا اسلیے باوجود سخت اور متواتر حملونکے محاصرین کو عرصہ تک کامیابی نہوسکی عمر پاشا دریاے ڈینوب کیجانب لڑ رہا تھا مگر سلسٹریہ پر روسیون کے پے درپے ایسے حملے ہورہے تھے جو اُسکو کسیطرح فرصت نہ لینے دیتے تھے - آخر اُسکے تہور اور استقلال نے روسیونکو زک پر زک پہونچاکر سلسٹریہ کو فتح کرلیا - جب ڈانیوب کا یہ مضبوط مقام روسیون سے خالی ہوگیا تو افواج متحدہ نے عمر پاشا کو اپنی کمک پر طلب کیا مگر اُسنے انکی شرکت مین لڑنیسے انکار کیا - اُسکو یہ عذر تھا کہ فرانسیسی اور انگریزی امیر البحرونکی راے کے مقابلہ مین جبتک میری راے بمنزلہ دوراے کے نہ قرار پائیگی تو میری کسی کارروائی کا چلنا بمقابلہ اُنکے دشوار ہوگا اور دول متحدہ کو اپنا زرکِ مجارٹی کا عمر پاشا کے اختیار مین دیدینا مشکل نظر آتا تھا مگر بعد بہت رد و کد کے عمر پاشا ہی کی خواہش سب کو منظور کرنا پڑی عمر پاشا جسوقت اپنی فوج لیکر سپاسٹپول مین پہونچا تو افواج متحدہ کی قوت مین ایک بہت بڑا اضافہ ہوگیا مگر باینہمہ اتحادی قوت اور زور شور کے حملونکے روسیون پر فتح نہ حاصل ہوسکی اور وہ زمانۂ دراز تک محاصرہ مین بیخوف بیٹھے ہوے دشمنونکی قوت کو بیکار کرتے رہے - آخر کو محاصرین کی قوت نے زور دکھایا جسکا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ ۸۰۷ ۴ توپین شہر اور مورچون پر دنرات گولے برسانے لگین اور محصورین کی بھی ہلاکت کا اسطرح شمار ہوسکتا ہے کہ پچھلے ۲۸ دنون مین ۱۸ ہزار روسی ہلاک ہوے - ایک ایک روز مین ستر ستر ہزار گولے پھینکے جانے لگے جنسے سپاسٹپول کے قلعہ مین بیشمار رخنے پڑگئے - اب روسی محصورین بدحواس ہوگئے - اُنکو دیوارون کی رخنہ بندی کرنا تو درکنار اپنے کشتون کی لاشین اُٹھانا دشوار ہوگئین قصہ مختصر ۱۵ محرم مطابق ۲۸ ستمبر سنہ ۱۲۷۲ھ/۱۸۵۵ع کو سپاسٹپول فتح ہوگیا اور روسی فوج قلعہ چھوڑکر اپنے فوجی مقامات کو آگ لگاتی ہوئی وہان سے مفرور ہوگئی -

فتح کے بعد دول متحدہ نے صلح کی گفتگو شروع کرانا چاہی مگر روسیونکو گہری شکست اُٹھانیسے اسقدر اشتعال طبع ہوگیا تھا کہ وہ کسیطرح جنگ کو ملتوی کرنے پر رضامند نہ ہوتے تھے لہذا یہ تحریک بیکار رہوئی - ادھر سپاسٹپول کی گولہ باری اور اُسپر بار بار حملون نے دول متحدہ کو اسقدر منہمک کر رکھا تھا کہ اُنکو کسی دوسری جانب کی مطلق خبر نہ رہی تھی - چنانچہ ایشیاے کوچک مین جو ترکی اور روسی فوجین نبرد آزما تھین اُسمین ترکونکو بروقت امداد نہ پہونچنے سے نقصان اُٹھانا پڑا اور غلہ و رسد کے باقی نہ رہنے سے قارص کے قلعہ مین محصور ہوجانا پڑا - سپاسٹپول کی فتح کے بعد عمر پاشا ایک زبردست فوج لیکر ایشیاے کوچک کو روانہ ہوا مگر وہان پہونچنے سے پہلے اُسکو خبر ملی کہ ترکی محصورین نے فاقہ سے زچ ہوکر ۱٦ محرم مطابق ۲۹ ستمبر سنہ ۱۲۷۲ھ/۱۸۵۵ع کو روسیونکے آگے ہتھیار رکھدیے - اس خفیف سی فتح پر روسیون کو ایک طرحکی مسرت حاصل ہوگئی اور اس موقع کو اسٹریا نے غنیمت سمجھکے پھر صلح کی سلسلہ جنبانی کی جسمین اُسکو کامیابی ہوگئی - الغرض اس کام کی تکمیل کیلیے پیرس مین ایک کانفرنس کا ہونا منظور ہوا جسمین سلطنتونکے سفیرونکے اجتماع اور اتفاق سے ۲۲ رجب مطابق ۳۰ مارچ سنہ ۱۲۷۲ھ/۱۸۵٦ع کو متخاصمین کی طرف سے ایک صلحنامہ پر دستخط ہوے جنکے شرائط یون قرار پائے کہ دریاے ڈینوب کے صوبہ جات کی جانب سے روسیونکو بلا شرکت غیرے استحقاق جاتا رہا - دریاے ڈینوب مین تمام سلاطین کے جہازات کو گذرنے کا مجاز کیا گیا - ڈینوب کے ڈالٹا کے تمام علاقے ترکون اور ریاستہاے ڈینوب کے حوالہ کیے گئے - بحر اسود سلاطین یورپ کی تجارتی جہازرانی کے لیے آزاد کردیا گیا - روسیون اور ترکون کو بھی (باستثناے سواحل) اُسمین جنگی جہاز رکھنے کی ممانعت ہوئی - ترکون کو عیسائی رعایا پر مراعات کرنیکی ہدایت ہوئی اور اسکے ساتھ یہ بھی وعدہ ہوا کہ سلطان اور اُسکی رعایا کے درمیان کسی

[1] عمر پاشا ایک نو مسلم شخص قوم کا آسٹرین تھا جسکا عیسائی نام میکائیل لٹاس تھا سنہ ۱۸۰۱ع مین بمقام پلاسکی پیدا ہوا اور سنہ ۱۸۷۱ع مین بمقام قسطنطنیہ فوت ہوا - اسکا تاریخی حال مسٹر رینالڈز نے اپنے ناول عمر پاشا مین صراحت سے درج کیا ہے ۱۲

بیرونی طاقت کو مداخلت کا استحقاق نہو گا۔ ترکی سلطنت یورپ کی دیگر سلطنتون کی طرح دول متمدنہ مین شامل کی گئی اور ہر سلطنت کی طرف سے اُسکی آزادی اور سلامتی برقرار رکھنے کا اقرار کیا گیا۔ اس جنگ کا خرچہ فریقین ذمہ فریقین رہا۔

آخری شرط کو پڑھکر ناظرین کو ضرور حیرت ہوئی ہوگی کہ جب روسیون کو اتنی بڑی شکست حاصل ہوئی اور آیندہ کیلیے بھی اُنپر کئی سلطنتون کی فوجون کا دباؤ موجود تھا تو پھر کیا وجہ ہوئی جو نہ اُنسے کوئی مفتوحہ مقام حاصل کیا گیا اور نہ خرچہ جنگ دلایا گیا؟

اسکی حقیقت یون ہے کہ فرانس اپنی خلقی بزدلی کی وجہ سے اسوقت باوجود ایک لشکر جرار رکھنے کے روسیونسے جنگ کرتے ہوے لرزان و ترسان تھا اور بدقسمتی سے انگلستان کی بھی عام راے اس جنگ کے خلاف تھی۔ یہ سارا زور انگلستان کے وزیر اعظم لارڈ پامرسٹن کی فصیح البیانی کا تھا جسنے ملک کے معززین حتی کہ جناب ملکہ وکٹوریہ کے خاوند کی راے بھی اپنے ساتھ شامل کر کے پارلیمنٹ مین ترکونکی امداد کا رزولیوشن پاس کرا لیا تھا۔ ورنہ اُسکا نائب مسٹر گلیڈسٹون[۱] اس جنگ کا سخت مخالف تھا۔ اُسنے ترکونکی مخالفت اور لارڈ پامرسٹن کی تردید مین اپنا زور تقریر صرف کرنے اور تمام ممبران پارلیمنٹ کو برانگیختہ کرنیمین کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھا تھا مگر جب پارلیمنٹ مین زک ہوئی تو اُسنے اپنے عہدہ سے استعفا دیکر تا دوران جنگ ملک کے عوام الناس کو ترکون کے برخلاف اپنی اسپیچون اور لکچرون سے برابر بھڑکاتا رہا۔ باینہمہ انگلستان اور فرانس ترکون کے مددگار رہے لیکن اسقدر ضرور ہوتا رہا کہ ایک طرف جنگ ہوا کی اور دوسری طرف یہ دونون سلطنتین آسٹریا اور جرمن کو اپنے ساتھ ملانیکی کوشش کرتی رہین جسمین اتفاق سے اُنکو کامیابی نہو سکی اسوجہ سے خوف لگا رہا کہ مبادا کسیوقت ان دونو سلطنتون کو روسیون نے اپنی مظلومی دکھا کر طرفدار بنا لیا تو جنگ کا پانسہ یقینی پلٹ جائیگا۔ ہان اگر آسٹریا و جرمن کی قوت بھی دول متحدہ مین شریک ہو جاتی تو جنگ کریمیہ کے خاتمے پر روسیونکا بھی خاتمہ ہو جاتا چونکہ قضا و قدر مین یہ بات لکھی ہوئی نہ تھی اسلیے جسوقت آسٹریا نے درمیان مین پڑکر صلح کرانا چاہی تو مذکورۂ بالا دغدغہ کی وجہ سے ہر ایک نے منظور کر لی اور جب شرائط مین خرچہ والی راے نہ ٹھہری تو کسی فاتح نے اُسپر زیادہ اصرار نہ کیا۔ خرچہ جنگ کے نہ ملنے سے فرانس اور انگلستان کا تو چندان نقصان نہوا لیکن ترکون کی سلطنت بالکل تہیدست ہوگئی اور یہ پہلا موقع ہوا کہ ترکون کو بیرونی سلطنتون سے قرضہ لینے کی ضرورت لاحق ہوئی۔

سلطان عبدالمجید ۵ اذیحجہ مطابق ۲۴ جون ۱۸۶۱ء ۱۲۷۷ھ کو ۲۲ سال سلطنت کرنیکے بعد ۳۹ برس کی عمر مین وفات پا گیا۔

عبدالمجید اپنی ابتداے سلطنت مین ایک نیکخو اور صلح جو سلطان سمجھا جاتا تھا لیکن آخر وقت تک اُسکی یہ حالت باقی نہ رہی تھی۔ وہ اسقدر عشرت پسند ہو گیا تھا کہ اسکی حرم سرا مین ہر وقت سات سَو کنیزین موجود رہتی تھین۔ طبیعت لہو و لعب کی جانب زیادہ مائل ہو گئی تھی اور اکل و شرب ممنوعہ سے بھی پرہیز باقی نہ رہا تھا۔ چونکہ اُسکے ملک کے مسلمان اُسکے ذاتی افعال سے متنفر ہو گئے تھے اسلیے اسکی بعض ملکی اصلاحین جو اُسکی قوم کے لیے نہایت مفید ہوتین موثر ثابت نہو سکین۔ باینہمہ وہ حمیت مذہبی رکھتا تھا مسلمانونکی ترقی کا دل سے خواہان تھا۔ فتح کریمیا کی خوشی مین ایک کرور دینار سے زیادہ اُسنے مدینۂ منورہ کو اسلیے بھیجے کہ مسجد نبوی مین وسعت دیجاے چنانچہ یہ عمارت ۱۸۶۱ء ۱۲۷۷ھ مین بنکر ختم ہوئی جسکی حرم شریف مین ایک پانچوان دروازہ قائم ہوا اور اُسکا نام "باب مجیدی" رکھا گیا۔

اس زمانہ مین سلطنت ترک کی آمدنی ۱۶ کرور روپیہ اور مصارف ۱۰ کرور روپیہ تھا۔

سُلطان عبدالعزیز خان

عبدالمجید کی رحلت کے بعد اُسکا چھوٹا بھائی عبدالعزیز خان جو ۱۷ محرم مطابق ۹ جولائی ۱۸۳۰ء ۱۲۴۶ھ کو پیدا ہوا تھا ۳۲ برس کی عُمر مین تخت عثمانیہ کا مالک ہوا۔ جلوس کے بعد اُسنے ایک پاکیزہ زندگی سادہ روش کے ساتھ اختیار کی۔ اپنے بھائی کی کُل عورتون کو بعد عدت کے آزادی دیکر دوسرا نکاح کر لینے کی اجازت دیدی۔ خائن اہلکارون کو برخاست کر کے متدین اشخاص بھرتی کیے۔ ترکی بنادر کے اجارے غیر اقوام سے نکالکر اپنی قوم کو دیے بحری و بری فوج کی درستی اور ریلون کے اجرا پر توجہ مبذول کی۔

اسیکے عہد مین دول یورپ نے اپنے مشورہ سے صوبۂ ولیشیا اور مالدیویہ کا حکمران برخاست کر کے ۱۸۶۶ء ۱۲۸۳ھ مین ایک پرشیا کے شاہزادے پرنس چارلس کو وہان کا حکمران کرنا چاہا سلطان نے اُسکی منظوری دیدی اور اُسوقت سے دونون صوبون کا نام ملا کر سلطنت رومانیہ کر دیا گیا۔

---

[۱] ترکون ہی کی مخالفت مسٹر گلیڈسٹون کی زندگی کا مشغلہ رہا اور ترکون ہی کی مخالفت مسٹر گلیڈسٹون کی موت کا باعث ہوئی۔ فاعتبروا یا اولی الابصار ۱۲

اسی زمانہ مین یونان کے اغواسے کریٹ مین بغاوت پھیل گئی۔ سلطان نے یونان کو اُسکی حرکت بیجا پر گوشمالی کی دھمکی دی۔ اور اتفاق سے دول یورپ نے بھی سلطان کا ساتھ دیا جس سے اُسوقت کریٹ کی بغاوت فرو ہوگئی مصر مین نہر سوئز بھی اسی زمانہ مین جاری ہوئی اور گورنر مصر اسمٰعیل پاشا کو خدیو کا لقب اسی سلطان نے عطا کیا۔

۱۲۸۷ھ / ۱۸۷۰ء مین جبکہ فرانس کو جرمن کے مقابلہ پر شکست ہوگئی تو روس نے اس موقع کو غنیمت سمجھکے پہلے معاہدہ کے خلاف بحر اسود مین جنگی جہاز قائم کرلیے۔ اگرچہ انگلستان تنہائی کی وجہ سے مخالفت نہ کرسکا توبھی وہ اس فعل سے رضامند نہ تھا لیکن مسٹر گلیڈسٹون نے اپنی فصاحت بیانی سے ثابت کردیا کہ روس کا یہ فعل کسیطرح ناجائز نہیں ہے

ترکون مین یہ پہلا سلطان ہے جسنے یورپ کی سیاحت کی اور اسکے ہمعصر شاہ ناصرالدین والی ایران نے بھی یورپ کی سیر کی دونون بادشاہونکی قسطنطنیہ مین ملاقات ہوئی جسمین اتحاد اسلامی کے متعلق بہت کچھ مشورہ ہوا چنانچہ اسکے بعد خدیو مصر کی معرفت اکثر حکمرانان اسلام سے خط کتابت کرکے اتحادی سلسلہ جاری کرنا چاہا لیکن مسلمان کچھ ایسی غفلت کی نیند سو رہے تھے کہ کسی نے ادھر توجہ بھی نہ کی۔ اور سلطان عبدالعزیز خان سیاحت یورپ کے بعد خود بھی اُسی نحوست مین مبتلا ہوگیا جو تمام مسلمانان عالم پر چھائی ہوئی تھی۔ وہ پہلے اتحاد اسلامی کا خواہان تھا۔ بعد مین اُسے نہ اپنی اور نہ دوسرے مسلمانونکی خبر رہی۔ وہ ابتدا مین محنتی اور جفاکش تھا مگر آخر مین لہو ولعب اور



سلطان عبدالعزیز خان

عیش وعشرت کا دلدادہ ہوگیا۔ جسنے اپنے برادر مکرم کی عورتون کو آزاد کیا۔ وہ خود ایکہزار عورتون کا شوہر اور آقا بنگیا۔ اول مین وہ ہر ایک جزوی انتظام کا خود نگران رہتا تھا آخر مین ہر ایک انتظام کو اُسیکی نظر کھا گئی امور سلطنت مین وہ روسی سفیر کا اسقدر دوست بنگیا کہ کوئی کام بغیر اُسکی صلاح کے ہرگز نکرتا تھا اور سفیر مذکور اسکو برابر مغالطے دیتا تھا۔ ایک طرف آسٹریا، ریاست بوسینیا اور ہرزی گونیا مین، اور دوسری طرف روس سرویہ اور بلگریہ مین بغاوت کرارہا تھا مگر سلطان کچھ خبر نہوتا تھا۔ وہ درپردہ روسی سفیر سے ولی عہد کو محروم اور اپنے بیٹے کو ولی عہد کرانیکی کوشش مین اندھا ہورہا تھا۔ ناچار ایک محب ملک جماعت مخالفت پر اُٹھ کھڑی ہوئی جسنے ۶ جمادی الاولی مطابق ۳۰ مئی ۱۲۹۳ھ / ۱۸۷۶ء مین عبدالعزیز کو تخت سے اُتار کر عبدالمجید خان کے بڑے بیٹے مراد خان کو سلطان قرار دیا اور عبدالعزیز خان عزل سے چھٹے دن اپنی نظربندی کے کمرے مین بیجان پایا گیا۔

سلطان مراد خان خامس



سلطان مراد خان خامس

مراد خان ایسے نازک وقت مین تخت عثمانیہ کا مالک ہوا جبکہ ہر طرف اُسکے باغی صوبے اعلان جنگ کرتے جاتے تھے۔ اور جو پیچیدگیان پیدا ہوتی جاتی تھین اُسکے دماغ کے لیے ناقابل برداشت تھین چند ہی روز مین وہ علیل ہوکر صاحب فراش ہوگیا وزرا نے اُسکے معزول کرنیکی فکر کی ڈاکٹرون سے سند لیکر اسکو مجنون مشہور کردیا اور ۳ ماہ کی سلطنت کے بعد معزول کردیا

ریل کے مسافرون کو ہدایتین

(۱) ریل کا سفر کرنا ہو تو پہلے ریل کے چلنے کا صحیح وقت معلوم کرلو۔ اور گاڑی چلنے سے کم از کم دس منٹ پہلے اسٹیشن پر پہونچ جاؤ۔ (۲) سفر ریل مین شغل کیلیے کتاب یا اخبار وغیرہ ضرور ساتھ رکھو (۳) اگر لمبا سفر ہے تو پانی کیلیے گلاس اور لوٹا بھی لیلو (۴) اگر اسباب بے ڈھنگا ہے مگر بقدر معافی مین آسکتا ہے تو وزن کراکر بریک مین رکھوا دو کچھ خرچ نہین ہوگا۔ ریل والے خود اسکی حفاظت رکھینگے۔ اور جس اسٹیشن پر اُترکر رسید دکھاؤگے۔ وہان تمہین اُتار دینگے۔ اگر معافی سے زیادہ ہے تو باقی کا کرایہ دیدو (۵) ٹکٹ لیکر پڑھ لو کہ کسی دوسرے اسٹیشن کا تو نہین دیا گیا۔ کرایہ کو بھی پرتال لو کیونکہ ٹکٹ بابو بھی جلدی مین غلطی کرسکتے ہین (۶) ٹکٹ کا نمبر احتیاطاً پاکٹ بک مین لکھ لو۔ اور ٹکٹ نہایت احتیاط سے جیب مین رکھو۔ اگر ٹکٹ گم بھی ہوجائے تو نمبر بتانے پر دوبارہ کرایہ دینے سے بچ جاؤگے (۷) جس گاڑی مین سوار ہو تے ہو اُسکا نمبر بھی دیکھکر پاکٹ بک مین لکھ لو۔ خدانخواستہ کسی اسٹیشن پر رجاؤ تو اسباب کیلیے تار دے سکو۔ جو ریل والے تمہاری خاطر مفت دیدینگے (۸) جس درجہ کا ٹکٹ لوگے اس ٹکٹ کا قریب قریب وہی رنگ ہوگا۔ کہ جو اس درجہ کی گاڑی کا ہوتا ہے (۹) ہر سو میل سفر کے بعد اگر طبیعت گھبرائے اور فرصت بھی ہو تو ۲۴ گھنٹے ٹھہر سکتے ہو (۱۰) گاڑی مین ہمیشہ انجن کیطرف منہ کرکے نہ بیٹھو بعض دفعہ آنکھ مین تنکا یا پتنگا پڑجاتا ہے اگر ہوسکے تو دھندلی عینک ریل کے سفر کیلیے لگالو (۱۱) کہتے ہین کہ ریل کے کسی صدمہ کی صورت مین انجن سے قریب تر گاڑیون کو زیادہ صدمہ پہونچتا ہے اسلیے انجن سے دُور کی گاڑی زیادہ محفوظ ہوتی ہے (۱۲) دریچے سے منہ نکال کر جدھر گاڑی جارہی ہے نہ دیکھو۔ آنکھ مین کچھ پڑجائیگا۔ گرمی مین لُون اور سردی مین لقوہ کا اندیشہ ہے (۱۳) گاڑی مین داخل ہوتے ہی اگر دروازہ باہر کو کھلتا ہے تو پہلے اسے بند کرلو بعض لوگ دروازہ بند نہ کرنیکی وجہ سے چلتی گاڑی سے نیچے گرگئے ہین (۱۴) چلتی گاڑی مین کوئی خوفناک واقعہ ہوجائے تو ہاتھ باہر نکالکر سرخ کپڑا ہلاؤ تو گارڈ دیکھکر اور گاڑی ٹھہراکر تمہاری مدد کرسکتا ہے بعض گاڑیون مین اسی مطلب کیلیے ایک شیشہ لگا رہتا ہے خطرہ کے وقت اُسے توڑ دینے سے گارڈ کو اطلاع ہوجاتی ہے لیکن بلا کافی خطرہ کے توڑنے کی صورت مین پچاس روپیہ جرمانہ کی سزا ملتی ہے (۱۵) اگر تمہاری گاڑی مین کوئی شخص حقہ پینا چاہے اور تمہین تکلیف ہو۔ یا کوئی کتاب ساتھ رکھنا چاہے اور تمہین ناگوار ہو تو اسٹیشن ماسٹر کو اطلاع دیدو وہ دونون فعل روک سکتا ہے البتہ تمہاری رضامندی سے حقہ پینے یا کتاب رکھنے کی اجازت ہے۔ (۱۶) اگر گاڑی ریزرو کرانی ہو تو چوبیس گھنٹے پہلے اسٹیشن ماسٹر کو اطلاع دو۔ ایک سیٹ بھی کسی گاڑی مین تمہارے لیے ریزرو ہوسکتی ہے (۱۷) جس درجہ کا ٹکٹ خریدا ہے۔ اس سے بڑے درجہ مین سفر کرنا یا جہانتک ٹکٹ خریدا ہے اس سے آگے سفر کرنا علاوہ دوچند کرایہ دینے کے کچھ تاوان کا بھی مستوجب ٹھہراتا ہے (۱۸) ریل مین اپنی نقدی احتیاط سے رکھو۔ ناواقفون سے ملاقات نہ بڑھاؤ سب سے اخلاق سے پیش آؤ۔ بلا ضرورت زیادہ جگہ کی طمع نہ کرو (۱۹) اپنے اسباب کو ہمیشہ زیر نظر رکھو۔ اگر بکس یا ٹرنک لیے سفر مین ساتھ ہو تو ایک ہلکی سی زنجیر اور قفل بھی ساتھ لاؤ سونیکے وقت بکس کو اپنی بنچ کے پایہ کی زنجیر سے مقفل کردو جس اسٹیشن پر اُترنا ہو تھوڑی دیر پہلے اپنا اسباب سنبھال رکھو (۲۰) سبزی اور میوہ جات ریل مین بلٹی کراکر بھیجنے سے کرایہ پیشگی دینا پڑتا ہے جو مقررہ کرایہ سے نصف ہوتا ہے (۲۱) بائیسکل ریل مین گارڈ کے پاس رکھنے سے ایک من کا کرایہ لیا جائیگا (۲۲) اگر تمہین ریل کی نسبت کوئی شکایت پیدا ہو تو اس ریلوے کے صاحب ٹریفک سپرنٹنڈنٹ کے نام اُن مقامات پر شکایت بھیجدو کہ جنکی فہرست تمام ہندوستان کی ریلوے لائنونکے ساتھ علیحدہ درج ہے۔

ممالک عالم مین سلسلہ ریلوے کی ابتدا

مندرجہ ذیل ممالک مین سلسلۂ ریلوے جس تاریخ کو جاری ہوا۔ وہ تاریخ ذیل مین اُنکے نام کے محاذی درج ہے۔

انگلینڈ	۲۷ ستمبر ۱۸۲۵ء	پیرو	۱۸۵۰ء
اسٹریلیا	۳۰ ستمبر ۱۸۲۹ء	سویڈن	۱۸۵۱ء
فرانس	یکم اکتوبر ۱۸۲۹ء	چیلی	جنوری ۱۸۵۲ء
اضلاع متحدہ	۲۸ دسمبر ۱۸۲۹ء	ہندوستان	۱۸ اپریل ۱۸۵۳ء
بلجیم	۳ مئی ۱۸۳۵ء	نوروے	جولائی ۱۸۵۴ء
جرمنی	۷ دسمبر ۱۸۳۵ء	پرتگال	۱۸۵۴ء
جزائر کوبہ	۱۸۳۷ء	برازیل	۳۰ اپریل ۱۸۵۴ء
روس	۴ اپریل ۱۸۳۷ء	وکٹوریہ	۱۴ اپریل ۱۸۵۴ء
اٹلی	ستمبر ۱۸۳۹ء	کولمبیا	۲۸ جنوری ۱۸۵۵ء
سوٹزرلینڈ	۱۵ جولائی ۱۸۴۴ء	نیوسوتھ ویلس	۲۵ ستمبر ۱۸۵۵ء
جمیکہ	۲۱ نومبر ۱۸۴۵ء	مصر	جنوری ۱۸۵۶ء
اسپین	۲۴ اکتوبر ۱۸۴۸ء	ساؤتھ آسٹریلیا	۲۱ اپریل ۱۸۵۶ء
کینیڈا	مئی ۱۸۵۰ء	نٹال	۲۶ جون ۱۸۶۰ء
میکسکو	۱۸۵۰ء	ٹرکی	۱۴ اکتوبر ۱۸۶۰ء

عازمان حج کیلیے گورنمنٹ کا اعلان

(اشتہار گورنمنٹ ہند صیغہ ہوم نمبری ۸ ۲۲۷ (حفظان صحت وبا) مورخہ ۲۵ اکتوبر سنہ ۱۹۰۱ع کا خلاصہ ذیل مین درج کیا جاتا ہے)

احکام مندرجۂ اشتہار صیغہ ہوم نمبری ۳ ۲۰۷ مورخہ ۱۴ نومبر سنہ ۱۹۰۱ع اشتہار ہذا کی رُو سے منسوخ کیے جاتے ہین جناب معلی القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل مندرجۂ ذیل احکام صادر فرماتے ہین :-

(۱) لازم ہے کہ کسی شخص کو یہ اجازت نہ دیجائے کہ مکہ کو حج کرنیکی غرض سے سوائے بندرہائے بمبئی و کراچی واقع احاطہ بمبئی و بندر چٹاگانگ واقع احاطہ بنگال و ر ایسے دیگر بندر (اگر کوئی ہو) واقع احاطہ جو اس اس بارہ مین مشتہر کرے کسی اور بندر سے جہاز مین روانہ ہو۔

(۲) لازم ہے کہ کسی شخص کو غرض مذکور کیلیے کسی بندر مذکور سے جہاز مین روانہ ہونیکی اجازت نہ دیجائے بجز اسکے کہ شخص مذکور کسی ایسے مقام مین جو اس غرض کیلیے مقرر ہو ایسے وقت تک زیر نگرانی رکھا جائے کہ عہدہ دار صیغہ ڈاکٹری کا جو اس کام کے اہتمام پر ہو یہ اطمینان ہو جائے کہ شخص مذکور کے ذریعے سے وبا کے پھیلنے کا اندیشہ بالکل جاتا رہا ہے اور نیز بجز اسکے کہ شخص مذکور مقام نگرانی سے جہاز پر سوار ہونیکے مقام کو کسی ایسے عہدہ دار کے اہتمام مین لایا جائے جو اس کام پر مامور ہو۔

(۳) لازم ہے کہ ملک حجاز کیلیے جہاز پر روانگی کے ٹکٹ سوائے اُن مقامات کے بغرض روک رکھنے اُن اشخاص کے مقرر کیے گئے ہین جو حج کا قصد رکھتے ہون اور زیر نگرانی ہون کسی اور مقام پر فروخت نہ کیے جائین۔

اگرچہ گورنمنٹ ہند نے یہ فیصلہ کردیا ہے کہ پابندی قواعد مذکورہ بالا حجاز کو حج کرنے کیلیے جانیکی اجازت دیجائے تاہم گورنمنٹ موصوف یہ ضروری سمجھتی ہے کہ جو فہمائش سال گذشتہ مین کیگئی تھی اُسکا اعادہ کیا جائے اور وہ یہ ہے کہ جو لوگ سفر حج کے عازم ہین اُنکے لیے یہ بہت بہتر ہوگا کہ وہ اپنا حج کا ارادہ موسم آیندہ تک ملتوی رکھین۔ بالخصوص اسوجہ سے کہ گورنمنٹ روم نے بہت سخت قواعد قرنطینیہ کے جاری کیے ہین اور یہ احتمال ہے کہ ملک عرب مین پہونچنے کے بعد اُنکو تکالیف اور دشواریان پیش آئینگی۔

بحوالہ فقرہ ۵ (۱) (۲) (۳) اشتہار مندرجہ بالا بذریعہ اشتہار ہذا مشتہر کیا جاتا ہے کہ اس غرض سے کہ جہان ممکن ہو ایسے اشخاص کو جو باوجود اُس مشورہ کے جو زیارت حجاز کے ارادہ کو ملتوی کرنیکی نسبت دیا گیا ہے اسی موسم مین زیارت کرنے کے ارادہ پر قائم رہین کم تکلیف برداشت کرنی پڑے جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر نے یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ پنجاب کے لیے معائنہ کا کمپو شہر ملتان مین قائم کیا جائیگا۔ اُن تاریخوں کی نسبت تفصیلی حالات جنپر دخانی جہاز کراچی سے روانہ ہونگے مناسب وقت پر شائع کیے جائینگے اور جنسے عازمان حج اس قابل ہو وینگے کہ کمپو معائنہ متصل شہر ملتان مین ایسی تاریخ پر پہونچ جائین کہ وہ مقام مذکور پر مطلوبہ میعاد ۱۰ یوم اُس تاریخ سے پیشتر گزارین جسپر اُنکو کراچی مین اس غرض سے روانہ ہونا چاہیے کہ وہ اُس دخانی جہاز پر سوار ہون جسمین وہ حجاز جانے کا ارادہ رکھتے ہین۔

عازمان حج کی اطلاع کیلیے یہ بھی مشتہر کیا جاتا ہے کہ حضور ملک معظم کے وائس کانسل مقیم جدہ نے ہندوستان سے حجاز جانے اور ہندوستان مین واپس آنے کے کل سفر کے اخراجات کا تخمینہ حسب ذیل کیا ہے۔

	کرایہ آمد و رفت معہ خوراک	روپیہ	آنہ
الف	کرایہ ہندوستان سے جدہ تک مع خوراک	۱۲۴	۰
ب	کامران و جدہ مین محصول قرنطینہ	۱۵	۸
ج	جدہ مین اُترنے کا خرچ اور دیگر اخراجات	۵	۰
د	قیمت شغدف جو اونٹ کی پشت پر استعمال کیجاتی ہے	۱۵	۰
ہ	کرایہ سواری اونٹ جدہ سے مکہ تک	۲۵	۰
و	ایضاً مکہ سے عرفات تک	۲۵	۰
ز	ایضاً مکہ سے مدینہ تک	۱۰	۰
ح	ایضاً مکہ سے جدہ تک	۲۵	۰
ط	نذرانہ برائے مطوف قریباً	۱۵	۰
ی	کرایہ جدہ سے ہندوستان تک	۱۲۴	۰
ک	تین ماہ تک خوراک اور مکان کا خرچ	۱۰۰	۰
	میزان کل للعہ	۴۸۳ روپیہ	۸

عازمان حج کو بڑی تاکید سے یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ حج پر جانیسے پہلے کم از کم اس قدر روپیہ اپنے پاس رکھین اور حجاز مین پہونچکر واپسی کا سفر خرچ مقام جدہ پر وائس کانسل کے پاس جمع کرا دین تاکہ وہ ہندوستان مین واپس آنیکے یقینی طور پر قابل ہو جائین۔

پنجاب کے جنوب سے عازمان حج کو سدرن پنجاب ریلوے کی شاخ بھٹنڈا سماسٹہ کے راستہ سفر نہین کرنا چاہیے بلکہ براہ ملتان سفر کرنا چاہیے ورنہ اُنکو بیفائدہ تکلیف اور خرچ برداشت کرنا پڑیگا کیونکہ جملہ ایسے عازمان حج جو ریلوے اسٹیشن شہر ملتان کے آگے سفر کرتے ہوے پائے جائینگے جو مقام مذکور پر کمپو معائنہ سے ہو کر نہین گذرے اُنکو میعاد مطلوبہ معائنہ گذارنے کے لیے واپس بھیجا جائیگا۔

حجاز ریل کا بصرہ و قونیہ لین سے ملان

سالگذشتہ کی جنتری مین اسکے متعلق دو نقشے درج کیے گئے تھے ایک مین ہندوستان سے حج بیت اللہ جانیکا قدیم وجدید راستہ دکھلایا گیا تھا، اور دوسرے مین دمشق سے حجاز لین کی مدینہ منورہ تک جسقدر تکمیل ہوچکی تھی وہ دکھلائی گئی تھی، اور اسکے ساتھ ہی قونیہ وبصرہ لین کی داغ بیل کا معائنہ کرادیا گیا تھا۔

حجاز لین اور قونیہ بصرہ لین دونون اپنے اپنے طور پر طیار ہورہی ہین اور طیاری کے بعد دونوںکا سلسلہ ایک ہوجانیسے ہندوستان افغانستان، اور ایران وغیرہ کے حجاج کا ایک خاص تعلق پیدا ہونیوالا اور ولایت یورپ ور ہندوستان کے قدیم تجارتی راستہ پر ایک انقلاب آنیوالا ہے اسلیے اخبارات عالم مین اس ریل کا وقتاً فوقتاً باربار ذکر ہوا کرتا ہے۔

بڑی جنتری سال مین صرف ایکمرتبہ نکلتی ہے اور اسمین اس سے زیادہ اور کچھ التزام نہین کیا جاسکتا کہ پورے ایک سال کے اندر بصرہ و قونیہ لین مین یا دمشق ومکہ لین مین جسقدر اضافہ ہوا کرے اُسکے نقشے کھینچکر ناظرین کو دکھلادیے جایا کرین تاکہ وہ سالگذشتہ اور سال حال کے نقشون کو بالمقابل رکھکر معلوم کرسکین کہ پہلے نقشے مین ریل کہانتک بچھائی جاچکی تھی اور اس نقشے مین اسپر کہانتک اضافہ ہوا۔

سال پیوستہ مین حجاز ریل" دمشق" سے "مزریب" تک بنکر طیار ہوئی تھی اور اُسکے دوسرے سال اسٹیشن "مزریب" سے بڑھکر "عین الزرقا" تک پہونچگئی تھی چنانچہ سال گذشتہ کی جنتری مین جسقدر طیار لین کا نقشہ دیا گیا تھا" دمشق" سے جنوب کی جانب اُسکا آخری اسٹیشن "عین الزرقا" تھا۔ چونکہ اب اس لین کا سلسلہ عین الزرقا سے جنوب کیجانب اور بڑھتا چلا گیا ہے اسلیے امسال کی جنتری مین طیار لین کا آخری اسٹیشن "قطرانہ" قائم ہوا ہے جہانتک ریل کا افتتاح باضابطہ ۳۱۔ اگست سنہ ۱۹۰۳ء کو ہوگیا ہے۔ دمشق سے قطرانہ تک تخمیناً ڈھائی سو میل کی مسافت ہے اور اس لین پر حال مین ۲۲ ہزار مزدور روزانہ کام کرتے ہین۔

قونیہ وبصرہ لین کا ٹھیکہ (جسکا سلسلہ طیاری کے بعد بندر ہمزا سے مقام کویت تک شرقاً وغرباً قائم ہونیوالا ہے اور جس سے حجاز لین کا براہ حلب "عین تاب" کے اسٹیشن پر ملان ہوا ہے) گورنمنٹ جرمن نے حضرت سلطان المعظم سے حاصل کیا ہے۔ اس ریل کی تکمیل پر دنیا کے بڑے بڑے سفرونمین ایک عظیم تغیر پیدا ہوجائیگا یعنی ہندوستان سے حاجیون اور ولایت یورپ کے مسافرونکا راستہ جو اسوقت براہ عدن جاری بند ہوکر کراچی سے بصرہ کو ہوجائیگا اور ولایت کی ڈاک ور مال کا راستہ بھی یہی قائم ہوگا۔ جو ڈاک براہ عدن اب ۱۵ روز مین آتی ہے وہ ۹ روز مین ہندوستان پہونچ جایا کریگی۔

جرمن نے اس ریل کو جلد جاری ہونے کی غرض سے یورپ کی مختلف سلطنتونکے مہاجنون کو شریک کرنا چاہا مگر برٹش گورنمنٹ اس ریل کو تجارتی مصلحت سے اپنے حق مین زیادہ مفید نہین خیال کرتی ہے اسلیے اُسکے مہاجنون نے اسمین شریک ہونیسے انکار کردیا۔ اس حالت کو دیکھکر لوگونمین یہ خیال پیدا ہوگیا تھا کہ عجب نہین کہ اس ریل کا اجرا کچھ عرصہ کیلیے معرض التوا مین پڑجائے مگر بعد مین معلوم ہوا کہ یورپ کی دیگر سلطنتون نے اسمین شرکت منظور کی اور خود جرمن کے مہاجنون نے بہت زیادہ مستعدی دکھائی ہے جس سے عام اطمینان ہوگیا کہ بصرہ وقونیہ لین اگرچہ پہلے خیال کے مطابق زیادہ سرعت کے ساتھ تیار نہو سکے تاہم جرمن گورنمنٹ اُسکو اپنے قوت بازو سے حتی الامکان جلد ختم کرلیجائیگی۔

اب اسکے علاوہ بصرہ سے بلوچستان تک خشکی کا راستہ زیر بحث ہے اگر کسیوقت اس راہ مین بھی ریل طیار ہوگی، تو کراچی سے بصرہ تک سمندر کا راستہ بند ہوکر کل مسافت خشکی سے ہوجائیگی مگر ایران مین ریل جاری ہونے مین برٹش گورنمنٹ اور سلطنت روس مین رقابت ہے۔ برٹش ریل کا آخری اسٹیشن "چمن" ہے اور روس کی ریل مقام خشک تک ہے جو ہرات سے ۸۰ میل شمال کیجانب ہے۔ دونون حکومتین سرزمین ایران مین اپنی اپنی ریلون کے بڑھانے کی کوشش مین ہین مگر خواہ اس خیال سے کہ ہندوستان اور ایران مین ایک جغرفیائی تناسب ہے یا دونون ملکون کی آبادی مین ایک قومی اتحاد ہے روسی ریل کے مقابلہ مین برٹش ریل کو بظاہر کامیابی ہوتی نظر آتی ہے۔

ناظرین کو نقشہ صفحہ ۵۳ کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ برٹش انڈیا ہندوستان سے بڑھکر پورے بلوچستان مین پھیل چکا ہے اور وہان سے براہ نوشکی سیستان (ایران) مین برابر بڑھتا چلا جاتا ہے۔ اگر اسمین اسیطرح کامیابی ہوتی گئی تو اسکے ساتھ ساتھ ریل بھی اُسی داغ بیل پر جو نقشہ مین بندر عباس اور شیراز ہوتی ہوئی بصرہ کو گئی ہے بنتی چلی جائیگی اور جسوقت شاہنشاہ ایران اس ریل کا بنانا منظور فرمالینگے تو حجاج زوار اور ولایت جانیوالون کا مسلسل راستہ براہ خشکی ہوجائیگا۔

سلہ دیکھو نقشہ صفحہ ۵۲۔

حجاز ریلوی

بحر اسود

ماردن

موصل

سامرہ

بغداد

کربلای معلی

نجف

بصرہ

کویت

حلب

حمص

بیروت

حیفا

یافہ

القدس

عین الزرقا

کرک

معان

قطرانہ

مدور

ذات الحج

تبوک

الاخضر

دارالحمرا

مدینہ منورہ

ینبوع

جدہ

مکہ معظمہ

طائف

اسماعیلیہ

قاہرہ

کوہ طور

حبش


پیمانہ بحساب میل ۰ ۱۰۰ ۲۰۰

مکمل لائینین

قریب تکمیل لائینین

ناتمام لائینین

مجوزہ لائینین


حج بیت اللہ
کا
آیندہ راستہ
بحر روم
بحیرۂ عرب
ایران
ایشیا
روس
افغانستان
بلوچستان
سیستان
مکران
طہران
قزوین
کاشان
اصفہان
شیراز
کرمان
یزد
تبریز
بغداد
موصل
حلب
حمص
دمشق
بیروت
قاہرہ
معان
تبوک
مدینہ منورہ
مکہ معظمہ
بوشہر
بندر عباس
القطیف
مسقط
مشہد مقدس
ہرات
کابل
قلات
کوئٹہ
ملتان
کراچی
سمرقند
بخارا
تاشقند

صاف ہوا کو کیونکر استعمال مین لانا چاہیے

اور کمرہ کیونکر ہوادار ہو سکتا ہے

عمدہ تندرستی قائم رکھنے کے لیے، اور سل اور دق کے امراض کے انسداد کے لیے جو کہ پھیپھڑے کی کمزوری سے پیدا ہوجایا کرتے ہین، تازہ اور پاکیزہ ہوا کی رات دن مسلسل رسد لگے رہنے کی بہت بڑی ضرورت ہے۔ رات یا دن مین کسی ایک وقت بھی خراب ہوا اور خصوصاً ایسی ہوا مین سانس لینے سے جسمین ایک یا چند مرتبہ سانس لیجا چکی ہے (یعنے جو ہوا بذریعہ تنفس کے جسم سے خارج ہوچکی ہے) اعضاے رئیسہ صرف کمزور ہی نہین ہوجاتے ہین، بلکہ اُنمین سے وہ قوت بھی زائل ہوجاتی ہے جس سے طبیعت ہر وقت بیماری کے دفع کرنے پر قادر رہتی ہے۔ اور ایسی حالت مین انھین اعضاے رئیسہ کی طرف سے کسی مرض مہلک کے قبول کرلینے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

افسوس کہ ہر شخص اس بات کو نہین سمجھ سکتا کہ جو ہوا سانس سے ایکمرتبہ خارج ہوچکتی ہے اُس ہوا مین دوسری مرتبہ نہ صرف سانس لینے ہی سے پرہیز کرنا چاہیے بلکہ اُس ہوا کو تندرستی کے لیے قطعی مضر خیال کرنا چاہیے، نہ کہ تنگ مکانون کے اندر اُسی ہوا مین مکرر سہ کرر تنفس کرنا اور پھر ہر وقت وہین موجود رہنا۔ جو لوگ تازہ ہوا مین رہتے ہین اُنکو یہ کام بھی ذرا مشکل سے ہوتا ہے۔

ہمارے مکانات مین اس بات کی سخت شکایت رہتی ہے کہ وہ بالکل بے ہوا ہوتے ہین، انکی ہوا جلد جلد نہ بدلے جانے کی وجہ سے صحت کو مضرت رسان ہوجاتی ہے۔

عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ جب کسی گھر مین کوئی بیمار پڑتا ہے تو اسکے تیماردار ہوا کی آمد و رفت کے تمام راستے اُسپر مسدود کردیتے ہین، جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اُس مقام کی ہوا زہریلی ہوجاتی ہے۔ بسا اوقات ایسا ہوجاتا ہے کہ ان نادان تیمارداروں کی عنایت سے مریض کے صحت پاجانیکا موقع ہاتھ سے جاتا رہتا ہے۔ ایسی حالت مین مناسب یہ ہے کہ مریض کو گرم رکھنے کے لیے کافی کپڑے پہنا دیے جائین اور ہوا کے واسطے کمرے کے سب دروازے اور کھڑکیان کھولدیجائین تاوقتیکہ کوئی طبیب بمصلحتاً اسکی ممانعت نکرے۔

اس بات کا اندازہ قریب قریب ہر شخص اپنے طور پر کرسکتا ہے کہ کسی کمرے مین اس اس تعداد کے آدمیونکے لیے کس قدر ہوا کی ضرورت ہونی چاہیے۔ قاعدہ اسکا یہ ہے کہ اُس کمرہ کے طول، عرض، اور بلندی کا اندازہ فٹون مین کرلیا جائے بعد ازان ان سب کو ضرب دیدیا جائے جس سے یہ معلوم ہوجائیگا کہ اُس کمرے کے اندر کتنی مکعب فیٹ ہوا پڑتی ہے۔ اب اس کمرے مین جتنے آدمی ہون ہوا کے مجموعی فیٹون کو اس عدد سے تقسیم کردینا چاہیے جس سے صحیح اندازہ ہوجائیگا کہ ہر شخص کے حصے مین کے مکعب فیٹ ہوا آتی ہے جب نتیجہ معلوم ہوجائے تو اُس نتیجے کو ۵۰ سے تقسیم کرے اسلیے کہ حساب لگایا گیا ہے کہ ہر ایک شخص کو ایک منٹ مین کم از کم ۵۰ مکعب فیٹ ہوا درکار ہے۔ چنانچہ یہ معلوم ہوجائیگا کہ اُس کمرے کی ہوا اتنے آدمیون کے واسطے کے منٹ تک کام کی ہے اور اتنے منٹ کے بعد اس ہوا کی جگہہ دوسری تازہ ہوا آجانی چاہیے۔ اس مسئلہ کو ذہن نشین کرنیکے لیے ذیل کی مثال کو خوب سمجھ لینا چاہیے۔

مثلاً ایک کمرہ ۱۲ فیٹ لانبا، ۱۲ فیٹ چوڑا، اور ۹ فیٹ اونچا ہے۔ اُسمین چار آدمی بیٹھے ہوے ہین۔ اب اس عرض، طول، اور بلندی کو ضرب دینے سے ۱۲۹۶ مکعب فیٹ ہوتے ہین۔ گویا کمرے کے اندر اسقدر ہوا ہے۔ اب اس مقدار کو چار جگہہ تقسیم کرنے سے ہر شخص کے حصے مین ۳۲۴ فیٹ مکعب ہوا آنی چاہیے اور جب اس عدد کو ۵۰ پر تقسیم کیا تو معلوم ہوگیا کہ اس کمرے کی ہوا اُن چار شخصونکے لیے زیادہ سے زیادہ ۶ منٹ تک کام دیسکتی ہے پھر اُسکے بعد بیکار ہے اور جلد اُسکے بدلنے کی ضرورت ہے۔ اس حالت مین اُن لوگونکا اُسی ہوا مین تنفس کرنا ایسا ہے جیسا ایک شخص کے غسل کیے ہوے پانی مین دوسرے کا نہانا۔

موسم سرما مین لوگ عام طور پر سر شام سے تنگ و ریسلے ہوا کوٹھریون مین گُھس کر بیٹھ جاتے ہین اور اُسی حالت مین دن کے سات آٹھ بجے تک پڑے رہتے ہین اور اس فصل مین اکثر لوگ لحافونمین مُنہ بند کرکے سونے کے بھی عادی ہوتے ہین اور یہ دونون حالتین بہت ہی ضرر رسان قرار دیگئی ہین۔

انسان کی تندرستی اور خصوصاً پھیپھڑے کی بیماریونکے دفعیہ کیلیے تازہ ہوا ایسی بیش بہا چیز ہے کہ اسکی تعریف مین جسقدر مبالغہ کیا جائے وہ کم ہے۔ اسی ہوا کے تنفس کی نسبت ایک بزرگ کا قول ہے کہ "ہر نفسے کہ فرو میرود ممد حیات ست وچون برمی آید مفرح ذات"

مٹی کے تیل کا لیمپ کیونکر استعمال کرنا چاہیے

(۱) بتی ایسی ہونی چاہیے کہ نلی کے اندر ٹھیک بیٹھ جائے ایسی نہو کہ ٹھونس ٹھانس کر آئے۔

(۲) بتی کو استعمال کرنے سے پیشتر آگ کے سامنے خوب خشک کرلینا چاہیے۔ بعدازان فوراً مٹی کے تیل مین ڈال دینا چاہیے۔

(۳) بتی ۱۰-انچھ سے زیادہ لانبی نہ رکھنا چاہیے۔ اور ہمیشہ تیل کے ظرف کی تہ تک پہونچی رہے۔

(۴) دو مہینے کے استعمال کے بعد حتی الامکان بتی بدل ڈالنا چاہیے۔

(۵) غور سے دیکھ لینا چاہیے کہ چمنی لیمپ پر ٹھیک بیٹھی؟ اور لیمپ نے اسکی پوری گرفت کی؟ یہ نہوگا تو چمنی گر پڑے گی۔

(۶) جب نئی بتی خریدنے کی ضرورت ہو تو مناسب ہے کہ کلا دوکان پر بھیجدیا جائے تاکہ شے مطلوبہ ٹھیک بیٹھے۔

(۷) کلے کو ہر مہینے مین ایکمرتبہ نکالکر اُسکے حصے علٰحدہ علٰحدہ کرڈالنا چاہیے۔ بعد اُسکے جلی ہوئی بتی کے ٹکڑے، مردہ پتنگے، اور گرد وغبار کو اُس سے صاف کرڈالنا چاہیے۔

(۸) لیمپ مین تیل کسی ایسی حالت مین نہ بھرنا چاہیے کہ وہ روشن ہو۔ یا اُسکے قریب ہی کوئی اور روشنی یا آگ ہو۔

(۹) تیل بھرنے کے بعد اسبات کو خوب دیکھ لو کہ کلا بخوبی بیٹھ گیا؟ اگر کوئی سوراخ تیل بھرنے کا لیمپ کے بغل مین ہو تو اُسکو بھی دیکھ لو کہ ڈھبری خوب بیٹھ گئی؟

(۱۰) لیمپ روشن کرنے کے پیشتر جلی ہوئی بتی کا گل تراش ڈالنا چاہیے۔

(۱۱) تیل بھرتے وقت خیال رکھنا چاہیے کہ چھلکنے نہ پائے اور اگر کچھ چھلک کر لیمپ پر آجائے تو اُسے بخوبی پونچھ ڈالنا چاہیے۔

(۱۲) جلانے کے قبل دیکھ لینا چاہیے کہ آیا شعلہ کی روک بتی کی نلی کے اوپر ٹھیک بیٹھ گئی؟ ایسا نہو کہ شعلہ اُس سے رُکے۔

(۱۳) پہلے بتی روشن کرلینا چاہیے اسکے بعد اُسکو آہستہ آہستہ کم کرنا چاہیے اور پھر آہستہ آہستہ بڑھانا چاہیے مگر نہ اسقدر کہ دھوان دیجائے۔ اگر شعلہ کے کنارون پر نارنجی رنگ پیدا ہو تو سمجھنا چاہیے کہ ٹھیک نہین جلتا ہے۔ اُسکو ٹھیک کرلینا چاہیے اور شعلہ کو صاف روشن دیکھ لینا چاہیے۔

(۱۴) لیمپ کو اسطرح نہ جلنے دینا چاہیے کہ اُسکا تیل بالکل ختم ہوجایا کرے بلکہ ایک تیل ختم ہونے سے پہلے دوسرا تیل بھر دیا جایا کرے جس سے ہر وقت بتی کا زیرین حصہ سیراب رہا کرے۔

(۱۵) جن لیمپون مین کوئی بُجھانے کا آلہ نہو تو اُنکو ذیل کے طریقون سے بُجھانا چاہیے۔

(الف) بتی اسقدر کم کردیجائے کہ اُسمین صرف ایک مختصر سا جھلملاتا ہوا شعلہ رہجائے۔

(ب) خیال رہے کہ بتی اتنی نہ گرائی جائے کہ شعلہ تیل کے ظرف کی جانب پہونچ جائے۔

(ج) اس شعلہ کو یا تو یون بجھایا جائے کہ چمنی پر کوئی چپٹا ٹکڑا ٹین یا دفتی کا رکھدیا جائے اور چمنی کے وارپار برابر کیطرف مُنہ سے ہوا دیجائے۔

(د) بڑی احتیاط رہے کہ چمنی کے اوپر سے اندر کی جانب مُنہ سے کبھی نہ پھونکا جائے۔

(۱۶) کبھی ایسا لیمپ نہ استعمال کرنا چاہیے جو ٹوٹا ہو یا جسمین کسیطرحکی بے ترتیبی ہوگئی ہو۔ اور نہ ایسی چمنی استعمال ہونا چاہیے جو ٹھیک نہ بیٹھی ہو۔ اگر کوئی حصہ ڈھیلا پڑ جائے، یا صورت بگڑ جائے، یا اور کسیطرحکا نقص آجائے تو اُسکو پہلے کسی کاریگر سے درست کرالینا چاہیے۔

(۱۷) لیمپ کو ہمیشہ محفوظ مقام پر رکھنا چاہیے کسی ناہموار جگہ یا میز پر نہ رکھدینا چاہیے جہانسے وہ بآسانی لڑھک سکے۔

(۱۸) بیٹھک کا لیمپ ضرورت سے زیادہ بیے لیے نہ پھرنا چاہیے نیز اُسوقت کوئی اور چیز ساتھ نہونا چاہیے۔ وزنی لیمپون کو دونون ہاتھون سے لیچلنا چاہیے لیمپونکے حادثے اکثر لیمپ کے لیچلتے ہی وقت ظہور مین آتے ہین خصوصاً اُسوقت جبکہ ہاتھ سے چھوٹ پڑتا ہے۔

(۱۹) بجز اُسوقت کے جبکہ بتی کو گل کرنا ہو دیگر اوقات مین بتی کو کم نہ کرنا چاہیے کیونکہ جتنی دیر تک بتی نیچی رہتی ہے تیل معمول سے زیادہ گرم ہوجایا کرتا ہے۔

(۲۰) اگر اتفاقاً کسی شخص کے کپڑون مین لیمپ سے آگ لگجائے تو اُسکے شعلون کو باورچیخانہ کی صافی یا کمل یا اونی کپڑے یا نم تولیے سے بُجھانا چاہیے۔

(۲۱) آگ پر کسیوقت مٹی کا تیل نہ ڈالنا چاہیے۔

برطانیہ عظمیٰ کے وزرا اور انکے مشاہرے

نام عہدہ	تعین تنخواہ ماہوار	نام موجودہ وزیر	نام سابق وزیر
وزیر اعظم		رائٹ آنریبل آرتھر بالفور۔	مارکوئیس آف سالسبری متوفی۔
لارڈ ہائی چانسلر	(۱۰۰۰۰ پاؤنڈ)	بیرن ہیلسبری۔	رائٹ آنریبل بیرن ہیلسبری۔
لارڈ پریزیڈنٹ آف دی کاونسل	(۲۰۰۰ 〃)	ڈیوک آف ڈیون شائر۔	ڈیوک آف ڈیون شائر
لارڈ پریوی سیل	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل آرتھر بیلفور	رائٹ آنریبل وائیکونٹ کراس۔
فرسٹ لارڈ آف ٹریژری	(۵۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل جے۔ آسٹن چیمبرلین	رائٹ آنریبل اے۔ جی۔ بیلفور
چانسلر آف دی اکسچکر	(۵۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل سی۔ ٹی۔ ریچی۔	سر مائیکل ہکس بیچ بیرنٹ۔
سکرٹری آف اسٹیٹ صیغہ کالونی	(۵۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل الفرڈ لٹلٹن	رائٹ آنریبل جوزف چیمبرلین۔
〃 〃 〃 〃 ہوم	(۵۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل اریٹاس ایکرس ڈگلاس	سر میتھیو وائٹ ریڈلی۔
〃 〃 〃 〃 فارن	(۵۰۰۰ پاؤنڈ)	مارکوئیس آف لنسڈاون	مارکوئیس آف سالسبری۔
〃 〃 〃 〃 جنگی	(۵۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل آرنالڈ فاسٹر	مارکوئیس آف لنسڈاون۔
〃 〃 〃 〃 ہند	(۵۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل ڈبلیو۔ سینٹ جان براڈرک	لارڈ جارج فرانسس ہملٹن۔
فرسٹ لارڈ آف دی ایڈمرلٹی	(۴۵۰۰ پاؤنڈ)	ارل آف سلبورن۔	رائٹ آنریبل جارج جے۔ گوشن۔
پریزیڈنٹ آف بورڈ ٹریڈ	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل جرلڈ بالفور	رائٹ آنریبل سی۔ ٹی۔ رچی۔
پریزیڈنٹ آف لوکل گورنمنٹ بورڈ	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل۔ ڈبلیو ھیوم لانگ	رائٹ آنریبل ہنری چپلین۔
لارڈ چانسلر آف آئیرلینڈ۔	(۸۰۰۰ پاؤنڈ)	لارڈ ایشبورن	رائٹ آنریبل بیرن ایشبورن
سکرٹری اسکاٹ لینڈ۔	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	مسٹر گراہم مرے	لارڈ بیلفور آف برلی
پریزیڈنٹ آف بورڈ آف اگریکلچر	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل آر۔ ڈبلیو ہنبری	رائٹ آنریبل والٹر ہیوم لانگ۔
پوسٹ ماسٹر جنرل	(۲۵۰۰ پاؤنڈ)	لارڈ اسٹینلی	ہز گریس ڈیوک آف نورفاک
چیف سکرٹری آئیرلینڈ	(۴۴۲۵ پاؤنڈ)	رائٹ آنریبل جارج ونڈہم	رائٹ آنریبل جرلڈ ڈبلیو۔ بیلفور۔
پریزیڈنٹ بورڈ آف ایجوکیشن۔	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	مارکوئیس آف لنڈنڈری۔	رائٹ آنریبل سر جان۔ اے۔ ای گورسٹ۔
		یہی اصحاب مندرجہ بالا کیبنٹ کہلاتے ہیں۔	
لارڈ لفٹننٹ آف آئیرلینڈ	(۲۰۰۰۰ پاؤنڈ)	ارل آف ڈڈلی	رائٹ آنریبل ارل کیڈوگن۔
پے ماسٹر جنرل		ڈیوک آف مارلبرا	ڈیوک آف مارلبرا۔
فرسٹ۔ آف ورکس	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	لارڈ ونڈسر	رائٹ آنریبل اے۔ اکیرس ڈگلاز
چانسلر ڈچی آف لنکاسٹر	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	سر ڈبلیو۔ ایچ۔ والرنڈ	بیرن جیمس آف ہیرفورڈ۔
فنانشل سکرٹری ٹریژری (خزانہ)	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	مسٹر وکٹر کیونڈیش	رائٹ آنریبل رابرٹ ولیم ہینبری۔
پارلیمنٹری 〃	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	سر اے۔ ایکلینڈ ہڈ	کرنل سر ڈبلیو۔ ایچ۔ والرنڈ۔ بیرنٹ
نیول لارڈس آف دی ایڈمرلٹی	(۲۰۰۰ پاؤنڈ) (۱۳۰۰ پاؤنڈ) (۱۷۰۰ پاؤنڈ) (۱۲۰۰ پاؤنڈ)	وائس ایڈمرل لارڈ ڈبلیو۔ ٹی۔ کیر سر جے فشر ریر ایڈمرل ڈبلیو۔ ایچ۔ مے ریر ایڈمرل جے ڈرنفورڈ	وائس ایڈمرل لارڈ ڈبلیو۔ ٹی۔ کیر ریر ایڈمرل اے۔ ایل۔ ڈگلاز۔ ریر ایڈمرل اے۔ بیونسن۔ سی۔ بی۔ وی۔ سی ریر ایڈمرل اے۔ ڈبلیو مور۔
سیول لارڈ آف دی ایڈمرلٹی	(۱۰۰۰ پاؤنڈ)	کپتان ای۔ جی۔ پریٹی مین۔ ایم۔ پی	جے آسٹن چیمبرلین۔
سکرٹری ایڈمرلٹی	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	مسٹر ایچ۔ او۔ آرنلڈ فارسٹر	ڈبلیو۔ جی۔ ایلیسن۔ مکارٹنی
انڈر سکرٹری ہوم ڈپارٹمنٹ	(۱۵۰۰ پاؤنڈ)	آنریبل ٹی۔ ایچ۔ اے۔ ای۔ کوچرین ایم پی	رائٹ آنریبل جیسی کالنگز
〃 〃 فارن	(۱۵۰۰ پاؤنڈ)	مسٹر ہنری الجرنن پرسی	ڈبلیو۔ سینٹ جان۔ ایف۔ براڈرک۔
〃 〃 کالونی	(۱۵۰۰ پاؤنڈ)	لارڈ آنسلو	ارل آف سلبورن۔
〃 〃 ہندوستانی	(۱۵۰۰ پاؤنڈ)	ارل پرسی	ارل آف آنسلو۔
〃 جنگی	(۱۵۰۰ پاؤنڈ)	ارل آف ہارڈوک	جارج ونڈہم
پالیمنٹری سکرٹری بورڈ آف ٹریڈ	(۱۲۰۰ پاؤنڈ)	مسٹر اے۔ بونر لا	ارل آف ڈڈلی
〃 لوکل گورنمنٹ بورڈ	(۱۱۰۰ پاؤنڈ)	مسٹر گرینٹ لاوسن	ٹامس ولیس رسل۔
〃 بورڈ آف ایجوکیشن۔	(—)	سر ڈبلیو۔ آر۔ انسن۔	نیا دفتر
فنانشل سکرٹری صیغہ جنگ	(۱۵۰۰ پاؤنڈ)	لارڈ اسٹینلی	جے پاول ولیمس۔
جونیر لارڈس آف دی ٹریژری	(۱۰۰۰ پاؤنڈ)	مسٹر ایچ۔ ٹی۔ انسٹروتھر مسٹر ایچ۔ ڈبلیو۔ فارسٹر آنریبل ایلون۔ ای۔ فیلوز ایم۔ پی۔	ہنری ٹامس انسٹروتھر۔ ڈبلیو ہیس فشر لارڈ اسٹینلی۔
اٹارنی جنرل	(۷۰۰۰ پاؤنڈ اور فیس)	سر آر۔ بی۔ فنلے۔ کے۔ سی	سر آر۔ ای۔ ویبسٹر بیرنٹ کیو۔ سی۔
سالیسٹر جنرل	(۶۰۰۰ پاؤنڈ اور فیس)	سر ای۔ ایچ۔ کارسن	سر آر۔ بی۔ فنلے۔ کیو۔ سی۔
لارڈ ایڈووکیٹ اسکاٹ لینڈ۔	(۵۰۰۰ پاؤنڈ)	اینڈریو گراہم مرے۔ کے۔ سی	اینڈریو گراہم مرے۔
سالیسٹر جنرل اسکاٹ لینڈ۔	(۲۰۰۰ پاؤنڈ)	چارلس اسکاٹ ڈکسن۔ کے۔ سی۔	چارلس اسکاٹ ڈکسن۔ کیو۔ سی۔
اٹارنی جنرل آئیرلینڈ	(۵۰۰۰ پاؤنڈ اور فیس)	رائٹ آنریبل جان ایٹکنسن	رائٹ آنریبل جان ایٹکنسن۔
سالیسٹر جنرل	(۲۰۰۰ پاؤنڈ اور فیس)	جے۔ ایچ۔ ایم کیمبل۔ کے۔ سی۔	ڈنبار پلنکٹ بارٹن۔



ملک صدق

اس بادشاہ کا حال توریت مین مندرج ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ شخص بھی منجملۂ بادشاہون مین سے تھا۔ اسکی حکومت یروشلم اور اُسکے دیگر مقامات پر قائم تھی شہر یروشلم بنی اسرائیل کے قبضے مین آنے سے پہلے قوم یبوسی سے آباد تھا جو اُسوقت بت پرست تھی لیکن تعجب ہے کہ مورخون نے اس بادشاہ کو جو اُسی قوم سے تھا خدا پرست قرار دیا ہے۔

اس زمانہ مین ایک سے زیادہ مذہب کے لوگ ایسے ہین جو یہ عقیدہ رکھتے ہین کہ دنیا مین صرف حضرت عیسی علیہ السلام بغیر باپ کے پیدا ہوئے ہین لیکن آج سے ہزار دو ہزار برس پیشتر یہی عقیدہ متعدد اشخاص کیطرف منتشر تھا کہ وہ بھی بے باپ کے پیدا ہوئے ہین۔ مثلاً قوم مغل کا مورث اعلی بھی بے باپ کا مانا جاتا تھا اور اُسکی مان القونیا کی نسبت مشہور تھا کہ وہ ایک نور آسمانی سے حاملہ ہوئی تھی چنانچہ اس مضمون کو ایک شاعر نے اسطرح نظم کیا ہے۔ ؎

حکایات مریم اگر بشنوی ✽ القونیا ہمچنان بگروی

پولوس مقدس (حضرت عیسی کی حواری) تحریر فرماتے ہین کہ چونکہ ملک صدق بھی بے مادر و پدر تھا اسوجہ سے لوگون کا عقیدہ تھا کہ وہ نہ فقط بادشاہ تھا بلکہ اس سے زیادہ تھا۔ وہ مرد سے از غیب تھا اور فرشتون سے برتر تھا۔



سناشرب


یہ بادشاہ شام کے بادشاہون مین بڑا ظالم گذرا ہے ۷۱۳ء قبل مسیح مین اپنے باپ سلیمان سار کا جانشین ہوا۔ اسکے زمانہ مین سیریا کی سلطنت عروج پر تھی جسکا دار السلطنت نینوا تھا۔ سناشرب کو ایک مرتبہ حزقیہ شاہ یہود کی سرتابی پر فوج کشی کرنا پڑی تھی اور جبکہ اسنے شہر یروشلم کا محاصرہ لیا تو شب کی تاریکی مین کسی غلطی سے اپنی فوج مین ابتری پڑگئی اور آپس ہی مین تلوار چل گئی جسکو یہود نے خدا کی امداد سمجھی تھی مگر پھر بھی سناشرب آپہر غالب ہی گیا۔

اس بادشاہ کی تصویر شہر نینوا کے کھنڈرون کے بعض پتھرون پر کندہ ملی ہے مگر اس شان سے کہ وہ یہودیون کے شہر لیکیس پر قابض ہوکر تخت پر جلوہ فرما ہے اور وہ تخت شہر مفتوحہ کے سامنے رکھا ہے۔ بادشاہ کے سر پر لکھا ہے کہ سناشرب مالک سیریا کا ایک باشوکت بادشاہ ہے۔ اُسکی فوج فصیل شہر کو توڑکر اندر داخل ہونے کی کوشش کر رہی ہے سپاہی سیڑھیان لگاکر نیچے اتر رہے ہین ایک طرف یہودی گرفتار ہو ہوکر سامنے لائے جاتے ہین اور طرح طرح کے ظلم سے قتل کیے جاتے ہین اور بعض کی کھلیں ڈالکر گھسیٹے جاتے ہین۔ یہ پتھر اسوقت بھی عجائب خانہ لندن مین محفوظ ہین۔




بل شازر

گذشتہ جنتری کے صفحہ ۵۰ مین بخت نصر کا حال جسکے زمانہ مین شہر بابل عروج پر تھا اور صفحہ ۹۵ مین سیرس کا ذکر جسنے شہر بابل کو تاراج کیا تھا درج ہو چکا ہے۔ یہان بخت نصر کے پوتے کی تصویر مع حالات کے دکھلائی جاتی ہے تاکہ ناظرین کو آگاہی ہو جائے کہ بابل پر تباہی کے وقت کون بادشاہ حکمران تھا۔ بابل اتنا بڑا شہر تھا کہ سیرس غنیم اپنی فوج لیے ہوئے شہر پناہ کے باہر پڑا تھا اور وہان کے بادشاہ بل شازر کو اسکی مطلق پروا نہ تھی۔ وہ اسیطرح اپنی بزم عشرت قائم کیے ہوئے تھا لیکن پھر ایسے شہر پر آسانی سے کیونکر قبضہ ہو گیا؟ پہلے سیرس نے دریا سے فرات کے کنارے کنارے بڑی عمیق خندق کھدوائی اور جب دریا کا دھارا اسطرف کو بہنے لگا تو بیچ دریا مین فوج کے لیے راستہ ہو گیا۔ فوج نے شب کے وقت ریت مین پانی کی طرح چلکر متعدد پلون کے نیچے سے گذر کر ہوتی ناف شہر مین سر نکالا اور فوراً شاہی محل پر حملہ کرکے بل شازر کو اُسی دم قتل کر دیا۔ شہر ۲۰۰ میل کے رقبہ مین تھا ۴۲ لاکھ کی مردم شماری تھی بادشاہ سے لیکر رعیت تک سب بد اعمالیون مین مبتلا تھے ہر طرف لہو و لعب کا بازار گرم تھا آبادی کی غنیم کا قبضہ ہو گیا اور باشندون کو اسکی خبر تک نہوئی اور شہر جو دنیا مین سب سے زیادہ آباد و آباد تھا کھنڈر ہو کر ہلاک چلے گئے۔



کیخسرو ایرانی

اس بادشاہ کا نام یہودی اپنے لہجے مین ارشش پکارتے تھے اور یونانی زرکسیس کہتے تھے۔ یہ ایران کے شاہنشاہون مین بڑا الوالعزم گذرا ہے اُسنے ایکدفعہ ۲۰ لاکھ فوج کی جمعیت سے یونان کو (اُسکے عروج کے وقت) فتح کرنیکا ارادہ کیا اور بحری قوت کو اپنے زمانہ کے موافق درست کرکے ایکہزار جہاز کے ساتھ ملک سے باہر نکلا۔ درۂ دانیال مین کشتیون کا پل باندھ لیا مگر سمندر کی موجون نے قائم نہ رہنے دیا دوبارہ اُسنے سمندر مین زنجیرین بدلواکر دوسرا پل طیار کیا اور سات روز مین کل لشکر کو ایشیا سے یورپ مین اُتار لیگیا جب تھرماپلی کے تنگ دہانہ پر پہونچا تو فوج کو مجمع کے ساتھ گذرنا دشوار ہوا۔ اور جب تھوڑی تھوڑی روانہ کی تو اُسکی روک کے لیے صرف ۳۰۰ اسپارٹا کے سپاہی کافی نکلے جب ایرانیون نے خشکی مین زور دیکر اسپارٹا والون کو قتل کیا تو بحری جانب یونانیون نے اُنکی ساری قوت کو دریابرد کر دیا کیخسرو یہ سب تماشا دیکھتا رہا اور مجبوری ۸ برس کے بعد اپنے ملک کو واپس گیا کیخسرو آخر وقت مین بڑا عیاش ہوگیا تھا شاہان ایران مین وہ ظالم اور ستمگر سمجھا گیا ہے۔ ۲۰ برس حکومت کے بعد ۴۶۵ قبل مسیح مین ایک فوجی افسر کے ہاتھ سے قتل ہوا اسکی تصویر شہر اصطخر کے کھنڈرون مین اب تک موجود ہے۔



اگسٹس

یہ شخص روم الکبرے کا بادشاہ تھا سنہ ۶۳ قبل مسیح مین پیدا ہوا اور قیصر
جولیس کا بھتیجا تھا جسوقت اسکے باپ نے انتقال کیا اسکی عمر چار برس کی
تھی اسکے چچا قیصر جولیس نے مثل فرزند اسکی پرورش کی اسکی تعلیم اعلیٰ پیمانہ پر شروع
کی گئی اور معاملات ملکی ذہنی مین لائق بنایا گیا - اگسٹس یونان کو [illegible]
مین تعلیم کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا تھا اور جب اسکا سن ۱۸ برس کا ہوا تو اسکو
خبر ملی کہ جولیس روما مین قتل کر دیا گیا - یہ سنتے ہی اگسٹس روم کو چلدیا کیونکہ
اسکو یہ بھروسا تھا کہ اپنے لاولد چچا کا وہی جانشین ہے - روما مین پہونچکر اسکو
خلاف توقع یہ معلوم ہوا کہ سلطنت کے بہت سے دعویدار ہین اور وہ سب اسکے
دشمن ہین - لیکن خوش نصیبی سے انھون کی دو پارٹیان ہوگئین اور
جب دونون مین خوب نفاق بڑھا تو ایک فریق اگسٹس کو اپنی پارٹی مین لیکر
اسکے زور سے اپنے مخالف کو زیر کرنا چاہا - اگسٹس نے پہلے تو انکو مدد دی مگر
آخر مین اسنے اس پارٹی کے دبانے مین بھی کامیابی حاصل کی اور ایک روز
وہ اپنے کل مخالفین پر غالب آکر تمام روم الکبرے کی سلطنت کا مالک ہو گیا
اگسٹس نے بیدار مغزی سے سلطنت کی اور ۷۶ برس کے سن مین سنہ ۱۴ عیسوی مین
انتقال کر گیا - وہ نہایت منکسر مزاج اور سادہ زندگی بسر کرتا تھا جنتری مین
مین اگست کا مہینہ پہلے ۳۰ دن کا ہوتا تھا اسکو وقت سے ۳۱ دن کا قرار دیا
اور اسنے اپنے نام کی مناسبت سے اسکو یہ شرف بخشا -



کینڈلیس (ملکۂ ایتھوپیا)

زمانۂ قدیم مین ایتھوپیا افریقیہ کے اُس حصے کا نام تھا جہان اب نیوبیا اور ابی سینیا آباد ہے - ایتھوپیا دو لفظون سے ایک مرکب جملہ ہے جسکے معنی "جلے ہوئے" کے اور "چہرے" کے ہوتے ہین - گویا اس جگہ کے لوگونکے چہرے آفتاب کی تمازت سے جھلسے ہوتے ہین - یہ حبشی سیاہ فام مخلوق کسی زمانہ مین مہذب تھی اور ہندوستان سے اُسکی بڑی تجارت تھی - ملکۂ ایتھوپیا کی دارالسلطنت کا نام مروئی تھا اور اتفاق سے کئی صدیون تک ہان مسلسل عورتونکی حکومت رہی اور وہانکی ہر ملکہ کا کینڈلیس لقب ہوا کیا (جیسا کہ مصر مین فرعون) انہین ملکہ جسکی تصویر درج ہے بڑی شجاع اور بہادر تھی اُسنے ایکمرتبہ مصر پر جو اسوقت روما کی تحت تھا حملہ کر دیا مگر ۲۲ قبل مسیح مین شاہ آگسٹس کی فوج سے شکست پائی - جب اسنے اپنے سفیرونکو بغرض صلح روما مین بھیجا تو شاہ آگسٹس اُنسے بڑی خاطر سے پیش آیا اور صلح منظور کر کے جنگ سے درگذر کی اور جو خراج ہمیشہ سے ملک ایتھوپیا سے حاصل ہوتا تھا وہ بھی معاف کر دیا - شہر مروئی کے کھنڈر اب تک باقی ہین اور کئی چھوٹے چھوٹے اہرامون کے بھی نشانات ہین جنمین سے بہت سے بت حاصل ہوے ہین انہین مین ایک مورت ملکۂ ایتھوپیا کی بھی ہے جو اپنے دیوتاؤن پر چڑھاوا چڑھاتی ہوئی تراشی گئی ہے -



اریطاس (شاہ عرب)

عرب کبھی کسی بادشاہ کے ماتحت نہین رہا بلکہ ہمیشہ وہ خود مختار سردارون مین منقسم رہا۔ مگر اُسکا شمالی حصہ جو پٹرایا کے نام سے مشہور تھا البتہ شاہان اریطاس کا پایۂ تخت رہا ہے اور وہ اپنے کو شاہ عرب بھی کہتے تھے پٹرا یونانی زبان مین کنکریلی پتھریلی اور پتھریلی زمین کو کہتے ہین اور یہ مقام اسی حیثیت سے تھا ہر طرف پہاڑون کا سلسلہ تھا جسکے درمیان یہ شاداب قطعہ واقع تھا۔ اسکے گرد پہاڑون کا ایسا حصار تھا کہ اندر جانیکے لیے صرف ایک راستہ تھا اور وہ بھی نہایت دشوار گذار۔ شاہان اریطاس کے وقت مین دمشق بھی عرب کے ماتحت تھا جب سینٹ پال عیسائی ہو کر اس سرزمین مین آئے تو اریطاس کے گورنر نے اُنکو حراست مین لینے کا حکم صادر کیا سینٹ پال لکھتے ہین کہ جب مین خطرہ مین گھر گیا تو ایک ٹوکرے مین بیٹھکر فصیل شہر کے نیچے اترا اور جان بچا کر مفرور ہو گیا۔ پٹرا بھی دنیا کے اور نابود مقامونکی طرح گمنام ہو گیا ہے تاہم اسکے کھنڈر اسوقت تک موجود ہین جو سیاح یورپ سے ایشیا کو آتے ہین وہ قریب قریب سب ہی اُسکا نظارہ عبرۃ الناظرین کرتے جاتے ہین۔ اریطاس کے زمانہ کے بہت سکے عجائب خانون مین موجود ہین منجملہ اُنکے ایک سے یہ تصویر نقل کی گئی ہے ۔

جنتری سود

اس جنتری میں سود ایک روپیہ سیکڑہ لگایا ہے اور اس کو ڈیوڑھا کرنے سے عہ/ سیکڑہ ہوجائیگا اور دونا کرنے سے عا/ سیکڑہ ہوجائیگا غرضکہ ہر طرح سے آسانی کر دی گئی ہے مہاجن جو مانگے وہ ضرب کر کے نکالیں

رقم	سود ایک یوم			سود ۲ یوم			سود ۳ یوم			سود ۴ یوم			سود ۵ یوم			سود ۶ یوم			سود ۷ یوم		
	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی
عہ/	۰	۰	۲	۰	۰	۳	۰	۰	۴	۰	۰	۶	۰	۰	۷	۰	۰	۹	۰	۰	۱۰
عا/	۰	۰	۳	۰	۰	۶	۰	۰	۹	۰	۰	۱۲	۰	۰	۱۵	۰	۰	۱۸	۰	۰	۲۱
سے/	۰	۰	۴	۰	۰	۹	۰	۰	۱۳	۰	۰	۱۸	۰	۰	۲۲	۰	۱	۳	۰	۱	۸
للعہ/	۰	۰	۶	۰	۰	۱۲	۰	۰	۱۸	۰	۱	۰	۰	۱	۹	۰	۱	۱۲	۰	۱	۱۹
صہ/	۰	۰	۷	۰	۰	۱۵	۰	۰	۲۳	۰	۱	۶	۰	۱	۱۴	۰	۱	۲۲	۰	۲	۵
سے/	۰	۰	۹	۰	۰	۱۸	۰	۱	۳	۰	۱	۱۲	۰	۱	۲۲	۰	۳	-	۰	۲	۱۶
محہ/	۰	۰	۱۰	۰	۰	۲۱	۰	۱	۸	۰	۱	۱۸	۰	۲	۵	۰	۲	۱۶	۰	۳	۲
مے/	۰	۰	۱۲	۰	۱	۱	۰	۱	۱۳	۰	۲	۱	۰	۲	۱۳	۰	۳	۱	۰	۳	۱۴
لعہ/	۰	۰	۱۳	۰	۱	۴	۰	۱	۱۷	۰	۲	۷	۰	۲	۲۱	۰	۳	۱	۰	۴	۱
خہ	۰	۰	۱۶	۰	۱	۷	۰	۲	۲۲	۰	۳	۱۳	۰	۳	۴	۰	۳	۲۰	۰	۴	۱۱
عے	۰	۱	۷	۰	۲	۱۴	۰	۳	۲۰	۰	۵	۳	۰	۶	۹	۰	۷	۱۰	۰	۸	۲۳
سہ	۰	۱	۲۲	۰	۳	۲۰	۰	۵	۱۸	۰	۷	۱۶	۰	۹	۱۴	۰	۱۱	۱۲	۱	۱	۱۰
لعہ	۰	۲	۱۳	۰	۵	۳	۰	۷	۱۶	۰	۱۰	۶	۱	۰	۱۹	۱	۳	۸	۱	۵	۲۱
صہ	۰	۳	۵	۰	۶	۱۰	۰	۹	۱۵	۱	۳	۱۹	۱	۴	۰	۱	۷	۵	۱	۱۰	۱۰
سہ	۰	۳	۲۰	۰	۷	۱۴	۰	۱۱	۱۴	۱	۳	۹	۱	۷	۴	۱	۱۱	۱	۲	۲	۲۱
محہ	۰	۴	۱۱	۰	۸	۲۳	۱	۱	۱۰	۱	۵	۲۲	۱	۱۰	۹	۲	۲	۲۱	۲	۷	۸
لہ	۰	۵	۶	۰	۱۰	۶	۱	۳	۸	۱	۸	۱۷	۲	۱	۹	۲	۶	۲	۲	۱۱	۲۰
لحہ	۰	۵	۱۸	۰	۱۱	۱۴	۱	۵	۶	۱	۱۱	۰	۲	۴	۱۹	۲	۱۰	۱۳	۳	۴	۷
مام	۰	۶	۹	۱	۰	۱۹	۱	۷	۵	۲	۱	۱۴	۲	۸	۰	۳	۲	۹	۳	۸	۱۹

رقم	سود ۸ یوم			سود ۱۵ یوم			سود ایک ماہ			سود ۲ ماہ			سود ۳ ماہ			سود ۶ ماہ			سود ایک سال		
	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی
عہ/	۰	۰	۱۲	۰	۰	۲۳	۰	۱	۲۲	۰	۳	۲۰	۰	۵	۱۸	۰	۱۱	۱۲	۱	۱۱	۱۱
عا/	۰	۱	۰	۰	۱	۲۲	۰	۳	۲۰	۰	۷	۱۶	۰	۱۱	۱۲	۱	۱۱	۱	۳	۱۰	۳
سے/	۰	۱	۱۲	۰	۲	۲۱	۰	۵	۱۸	۰	۱۱	۱۲	۱	۱۱	۶	۲	۱۰	۱۳	۵	۹	۳
للعہ/	۰	۲	۱	۰	۳	۲۰	۰	۷	۱۶	۱	۳	۸	۱	۱۱	۰	۳	۱۰	۲	۷	۸	۴
صہ/	۰	۲	۱۳	۰	۴	۱۸	۰	۹	۴	۱	۷	۴	۲	۴	۱۴	۴	۹	۱۲	۹	۷	۵
سے/	۰	۳	۱	۰	۵	۱۷	۰	۱۱	۱۳	۱	۱۱	۰	۲	۱۰	۱۲	۵	۹	۲	۱۱	۶	۵
محہ/	۰	۳	۱۳	۰	۶	۱۶	۱	۱	۹	۲	۲	۱۸	۳	۴	۶	۶	۸	۱۴	۱۳	۵	۶
مے/	۰	۴	۳	۰	۷	۱۵	۱	۳	۷	۲	۶	۱۵	۳	۱۰	۰	۷	۸	۳	۱۵	۴	۷
لعہ/	۰	۴	۱۵	۰	۸	۱۵	۱	۵	۶	۲	۱۰	۱۳	۴	۴	۱۹	۸	۷	۱۳	عہ/ ۱/	۳	۸
خہ	۰	۵	۳	۰	۹	۱۴	۱	۷	۵	۳	۲	۹	۴	۹	۱۴	۹	۷	۴	عہ/ ۳/	۳	۹
عے	۰	۱۰	۶	۱	۷	۵	۳	۳	۱۰	۶	۴	۱۹	۹	۷	۵	عہ/ ۳/	۳	۹	عا/ ۶/	۴	۱۹
سہ	۱	۳	۸	۳	۴	۱۹	۴	۹	۱۴	۹	۷	۵	عہ/ ۱	۴	۱۹	عہ/ ۱۲/	۹	۱۳	سے/ ۹/	۷	۴
لعہ	۱	۸	۱۱	۳	۳	۹	۶	۴	۱۹	۱۲	۹	۱۴	عہ/ ۳/	۳	۱۰	عا/ ۶/	۴	۱۹	للعہ/ ۱۲/	۹	۱۴
صہ	۲	۱	۱۴	۴	۰	۰	۸	۰	۰	عہ/	۰	۰	عہ/ ۸/	۰	۰	سے/	۰	۰	سے/	۰	۰
سہ	۲	۶	۱۶	۴	۹	۱۴	۹	۷	۵	عہ/ ۳/	۳	۱۰	عہ/ ۱۲/	۹	۱۴	سے/ ۹/	۴	۱۹	محہ/ ۹/	۷	۴
محہ	۳	۱۱	۱۹	۵	۷	۵	۱۱	۳	۱۰	عہ/ ۶/	۴	۱۹	عا/ ۱/	۷	۵	للعہ/ ۳/	۳	۹	مے/ ۶/	۴	۱۹
لہ	۳	۴	۲۳	۶	۴	۲۰	۱۲	۹	۱۵	عہ/ ۶/	۷	۵	عا/ ۶/	۴	۲۰	للعہ/ ۱۲/	۹	۱۴	للعہ/ ۹/	۷	۵
لحہ	۳	۱۰	۳	۶	۳	۱۰	۱۴	۴	۱۹	عہ/ ۱۲/	۹	۱۴	عا/ ۱۱/	۳	۱۰	صہ/ ۶/	۴	۱۹	عہ/ ۱۲/	۹	۱۴
مام	۴	۳	۵	۸	۰	۰	عہ/	۰	۰	عا/	۰	۰	سے/	۰	۰	سے/	۰	۰	عـہ	۰	۰

ایک آنہ کی ۱۲ پائی اور ایک پائی کی ۲۴ کوڑیاں قرار دیتی ہیں

خلاصہ قواعد تار برقی

پتہ: - پتہ مین مکتوب الیہ کا نام اور پتہ معہ مقام تارگھر کے شامل ہی کہ جہان تار بھیجنا ہی۔ اگر پتہ نامکمل ہوگا تو مرسل کا قصور رہیگا۔ جو بصورت ضرورت صرف سرکاری تار کا خرچ دیکر بدلوایا جاسکتا ہی اہلکاران تار کو اختیار رہی کہ پتہ کا کوئی زاید لفظ جسکے کاٹنے سے پتہ کی صحت مین فرق نہ آئے کاٹ دین۔

مرسل کا نام: - تار کے بھیجنے والے کا صرف نام یا عہدہ ہونا چاہیے اور دونون صرف اُس صورت مین کہ مخاطب کو مرسل کا پہچاننا ممکن نہو۔ مرسل اگر اپنا پتہ لکھے تو اُسکے لیے محصول ادا کرے۔ کئی آدمیونکے نام سے ایک تار نہین بھیجا جاسکتا ہان ایک کارخانہ یا کمپنی کے نام سے بھیجا جاسکتا ہی البتہ اگر مرسل نے اپنا نام پتہ اختصار کے ساتھ پہلے محکمہ تار برقی مین رجسٹر کرا رکھا ہو تو وہ تار پر لکھا جاسکتا ہی۔

مضمون: کوئی پرائیویٹ تار برقی پانچسو لفظے سے زاید ایک شخص یا کارخانہ ایک وقت مین نہین بھیج سکتا۔ اور اسکے بعد تین گھنٹہ بشرطیکہ تار پر اور کام نہو بھیج سکتا ہی۔

دستخط: ہر تار کے آخر مین مرسل کا دستخط ہونا چاہیے اور تارگھر کو اگر ضرورت معلوم ہو تو مرسل کو تصدیق دستخط کیلیے طلب کر سکتا ہی۔

شمار الفاظ: - ہر لفظ جو علاوہ کسی ہدایت یا پتہ اور اپنے نام کے مرسل تار پر لکھے اسکا محصول لیا جاتا ہی ہر تین یا کم ہندسون کو ایک لفظ شمار کیا جاتا ہی۔

تار کے درجے معہ نرخ: - تار برقی تین قسم کی ہوتی ہی۔ ضروری، معمولی، اور ملتوی۔ اور سرکاری ہو یا پرائیویٹ ان کا محصول اندرون حدود ہند حسب ذیل ہوتا ہے۔

تار کے درجے	پہلے آٹھ لفظ یا تین ہندسونکے مجموعہ کا محصول	بعد کے ہر لفظ یا تین ہندسون کے ہر مجموعہ محصول
ضروری (ارجنٹ)	دو روپیہ	چار آنہ
معمولی (آرڈینری)	ایک روپیہ	دو آنہ
ملتوی یا کم ضروری (ڈیفرڈ)	آٹھ آنہ	ایک آنہ

ضروری تار برقی: - یہ معمولی تارون سے پہلے جانیکا حق رکھتی ہی اور مقام مقصود پر بھی خاص سرعت سے بفوریت تقسیم ہوتی ہی اور بصورت سخت ضرورت ہونیکے کوئی تارگھر ان کے لینے سے انکار نہین کرسکتا۔

معمولی تار - ضروری کے بعد بھیجی جاتی ہین - اور طلوع صبح سے ۹ بجے شام کے اندر خاص قاصد کے ذریعے سے تقسیم کیجاتی ہین۔

ملتوی تارین - ضروری اور معمولی تارین روانہ ہو چکنے کے بعد روانہ ہوتی ہین اور عموماً مقام مقصود پر ڈاک کے ذریعہ تقسیم ہوتی ہین۔

سرکاری تارین: - حکام سرکاری کو بھی سرکاری تارین بھیجنے کیلیے محصول ادا کرنا چاہیے لیکن بصورت اُنکے محصول پیچھے بھی لیا جاتا ہی اعلیٰ حکام مثل وایسرای یا گورنران یا لفٹنٹ گورنران صوبجات وغیرہ اگر کسی سرکاری ضرورت کیلیے چاہین تو کسی تار کی لائن یا اُسکی تمام تارین بند کراکر پہلے اپنا تار بھجوا سکتے ہین۔

مفت تقسیم - اگر کسی تارگھر کے حلقہ تقسیم سے پانچ میل کے اندر تار بھیجا جاوے تو وہ مفت پہونچادی جاویگی۔ اگر ڈیفرڈ ہو تو بذریعہ ڈاکخانے مفت بھیجی جاویگی یا اُس خاص ذریعہ سے کہ جسکے بھیجنے کا خرچ مرسل نے دیا ہو اور ہدایت کی ہو۔ ایسی ہدایت مرسل مفت دیسکتا ہی۔

تبدیل پتہ: - اگر مکتوب الیہ نے مکان تبدیل کردیا ہو تو تار پر نیا پتہ لکھکر واپس دیے جانے پر اسکے نئے پتہ پر مفت بھیجا جائیگا اور اسیطرح اگر پہلے پتہ پر تقسیم کرنے کو نہ بھیجا گیا ہو تو کسی اور نئے پتہ پر بھیجا جاسکتا ہی بشرطیکہ مکتوب الیہ تار کا پتہ معلوم ہو یا وہ اپنا پتہ لکھکر تارگھر مین چھوڑ گیا ہو۔

دیگر محصولات: - جوابی تار کیلیے کم از کم آٹھ آنہ اور زیادہ سے زیادہ دو روپیہ محصول پیشگی ہمراہ تار بھیجا جاسکتا ہی۔ تار کے بانٹے جانیکی رسید کیلیے ایک روپیہ اور اگر ایک ہی تار ایک مقام کے کئی اشخاص کو بھیجنا ہو تو فی سو لفظ کیلیے یا کم کیلیے صرف چار آنہ زائد دینا پڑتا ہی۔ کولیشن یعنی کل تار کا دوہرانا اصلی تار کے خرچ کی ایک تہائی تار کی نقلین فی سو لفظ یا کم کیلیے

غیر ممالک کے تار کا محصول: - خواہ تار سرکاری یا پرائیویٹ ہون۔

نام ممالک جہان تار بھیجی جاوین	فی لفظ ہندوستان سے	برما سے
یورپ مین سب ملکون کیلیے	دو روپیہ گیارہ آنہ	دو روپیہ تیرہ آنہ
سوائے ٹرکی اور روس کے - ٹرکی کی راہ	تین روپیہ	تین روپیہ دو آنہ
طہران اور سویز کے راستہ لنکا کیلیے	تین آنہ	چار آنہ چھ پائی

کل ملکون کے محصول کی مفصل جدول ٹیلیگراف گائڈ مین درج ہی جو کم قیمت ہوتا ہی۔

اخباری تارونکا رعایتی محصول: - جو تار برقی خبرین اُن اخبارات ہند کو بھیجی جائین کہ جنکے نام محکمہ تار برقی مین رجسٹرڈ ہو چکے ہین انھین مندرجہ ذیل رعایتی نرخون سے تار بھیج سکتے ہین۔

اقسام تار	پہلے ۴۸ الفاظ یا تین تین اعداد کے مجموعون کیلیے	اسکے بعد ہر چار الفاظ یا چار دفعہ تین تین اعداد کے مجموعون کیلیے
ضروری	دو روپیہ	چار آنہ
معمولی	ایک روپیہ	دو آنہ
ملتوی	آٹھ آنہ	ایک آنہ

ممیرے کا سرمہ

پانچ ہزار ۵۰۰۰
اگر کوئی شخص ممیرے کے سرمہ کی سندات مین سے جو قریب بیس ہزار کے ہین ایک کو بھی فرضی ثابت کر دے اُسکو

روپیہ انعام
مبلغ پانچہزار روپیہ انعام دیا جائیگا جو لاہور کے پنجاب بنک مین مارچ سنہ ۱۸۹۹ء کو اسی مطلب کے لیے جمع کیا گیا ہے۔

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کمیکل اگزامینر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزون میڈیکل کالج کے پروفیسرون نامور ڈاکٹرون والیان ریاست اور ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹرون نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض ذیل کیلیے اکسیر ہے **ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھندھ۔ جالا۔ پروال۔ غبار۔ پھولا۔ سبل۔ سرخی۔ ابتدائی موتیابند۔ ناخونہ۔ پانی جانا۔ خارش۔ وغیرہ** ہزار حکیم اور اعلیٰ ڈاکٹر بجائے اور ادویہ کے آنکھ کے مریضون پر اس قسم کے سرمے کا استعمال کرتے ہین چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھ جاتی ہے۔ اور عینک کی حاجت نہین رہتی بچے سے لیکر بوڑھے تک کو یہ سرمہ یکسان مفید ہے قیمت اسلیے کم رکھی ہے کہ خاص و عام اس سرمے سے فائدہ اُٹھا سکین قیمت فی تولہ جو سال بھر کیلیے کافی ہے دو روپیہ (عہ) **ممیرے کا سفید سرمہ** اعلیٰ قسم فی تولہ تین روپیہ (سہ) **خالص ممیرہ** فی ماشہ بیس روپیہ (عشہ) **مصری سرمہ** فی تولہ چار آنہ (ہر) خرچ ڈاک ذمہ خریدار۔ درخواست کے وقت جس ذریعے سے ہمارا اشتہار ملا ہو اُسکا حوالہ ضرور دین۔ نقلی اور جعلی ممیرے کے سرمے کے اشتہارون سے بچنا چاہیے + **المشتہر پروفیسر مہتا سنگھ آہلووالیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور ملک پنجاب**

کیا اب بھی آپ چشمہ لگانا ترک نہین فرماوینگے

